ناصر محمود سے معذرت

نیوویژن ٹیلی ویژن پر 6جولائی 2019 کو کئی پروگرامز نشر ہوئے۔ جن میں یہ رپورٹس تھیں کہ ناصر محمود جو عرف عام میں ناصر بٹ کے نام سے جانے جاتے ہیں کئی لوگوں کے قاتل ہیں۔ ایک منظم مجرم اور ڈرگ کارٹیل کے اہم رکن ہیں۔ اور مقدمات کے ڈر سے پاکستان سے مفرور ہیں۔

نیوویژن ٹیلی ویژن پر 7جولائی 2019 کو ایک پروگرام نشر ہوا جس میں بتایا گیا کہ ناصر بٹ ایک منظم مجرم ہیں۔

نیوویژن ٹیلی ویژن پر 14جولائی2019 کو ایک پروگرام نشر کیا گیا جس میں وزیرمملکت برائے پارلیمانی امور علی محمد خان نے تبصرہ کیا کہ ناصر بٹ مقدمات کا سامنا کرنے کے خوف سے پاکستان سے مفرور ہیں۔

ہم ناصر بٹ کا موقف تسلیم کرنے پر تیار ہیں کہ وہ کئی لوگوں کے قاتل نہیں۔ وہ ایک منظم مجرم یا ڈرگ کارٹیل کے رکن نہیں۔ اور وہ مقدمات کے ڈر سے پاکستان سے مفرور بھی نہیں۔

پروگرامز میں نشر کیے گئے مواد کی وجہ سے ہونے والی تکلیف، پریشانی اور شرمندگی پر ہم ناصر بٹ سے غیرمشروط طور پر معذرت خواہ ہیں۔

ہم ناصر بٹ کی بدنامی پر مناسب ہرجانے کی ادائیگی اور قانونی اخراجات برداشت کرنے کیلئے تیار ہیں۔